نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت گندم کی کاشت بارے کمشنر آفس ملتان میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

گندم کی کاشت کے فروغ کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے خصوصی پیکج دے دیا، افتخار علی سہو

ملتان ڈویژن میں 18 لاکھ 20 ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر، افتخار علی سہو

20 نومبر سے کسان کارڈ کے ذریعے 30 فیصد کیش نکلوانے کی سہولت ہوگی۔سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور 16 نومبر 2024(   )سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت گندم کی کاشت بارے کمشنر آفس ملتان میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد۔اجلاس میں اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، کمشنر ملتان مریم خان، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت عبدالحمید اونوید عصمت کاہلوں، ڈپٹی کمشنر ملتان وسیم حامد سندھو جبکہ خانیوال، وہاڑی اور لودھراں کے ڈپٹی کمشنرز کی آن لائن شرکت۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ گندم کی کاشت کے فروغ کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے خصوصی پیکج دے دیا ہے جس کیتحت 1 ہزار ٹریکٹرز اور 1 ہزار لیزر لینڈ لیولرز بذریعہ قرعہ اندازی مفت فراہم کئے جا رہے ہیں۔گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔گندم کی کاشت کی مہم کے دوران ڈویژنل وضلعی انتظامیہ کا محکمہ زراعت کو بھرپور تعاون حاصل رہے گا۔ڈویژنل سطح پر کمشنر اور ضلعی سطح پر ڈپٹی کمشنر اس مہم کی سربراہی کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ملتان ڈویژن میں 18 لاکھ 20 ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اب تک 9 لاکھ 37 ہزار سے زائد ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت ہو چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے جاری سرگرمیوں میں مزید تیزی کیلئے ہدایات جاری کر دی ہیں۔فیلڈ سرگرمیوں کیلئے ٹیکنیکل ہیومن ریسورس کی ڈیپلائمنٹ کر دی گئی ہے۔انٹرنیز اور زرعی یونیورسٹیوں کے طلبا کو گندم مہم پر مامور کر دیا۔ٹارگٹ کے حصول میں ناکامی ہرگز برداشت نہیں ہوگی۔انہوں نے کہا کہ مارکیٹ میں فاسفورس اور یوریا کھادوں کی سپلائی وافر مقدار میں موجود ہے۔یہ واحد سیزن ہے جب کھادیں کنٹرول ریٹ پر دستیاب ہیں۔انہوں کہا کہ گندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کی رہنمائی بارے پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کاشتکاروں کی فلاح کیلئے تاریخ ساز پیکج دیا۔صوبائی اور ضلعی سطح پر گندم کے پیداواری مقابلے منعقد کرائے جائیں گے۔پیداواری مقابلے جیتنے والے کسانوں کو پُرکشش نقد انعامات دیئے جائیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ 20 نومبر سے کسان کارڈ کے ذریعے 30 فیصد کیش نکلوانے کی سہولت ہوگی۔کسان کارڈ کی افادیت اور بڑھتی ہوئی ڈیمانڈ کے پیش نظر وزیر اعلیٰ پنجاب نے کسان کارڈز کی تعداد میں اضافہ کر دیا۔کسان کارڈ کی تعداد 5 لاکھ سے بڑھا کر ساڑھے 7 لاکھ تک کر دی گئی۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ گندم کا بیج گزشتہ سال کی نسبت تقریباً 2 ہزار روپے فی تھیلہ کم قیمت پر دستیاب ہے۔بین الاقوامی ماہرین کے مطابق رواں سال دنیا میں گندم کی پیداوار میں کمی کے امکانات ہیں۔گندم اس سال کاشتکاروں کیلئے منافع بخش ثابت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ نہری پانی کی فراہمی کیلئے محکمہ انہار سے روابط مضبوط کئے جائیں۔سرکاری رقبوں پر 100 فیصد گندم کی کاشت یقینی بنائی جائے۔

-0-0-0-0-0-